دیکھیں: الموسوعۃ الفقھیۃ (311/17).

پنجم:

اوپر جوکچھ بیان ہوا ہے اس سب کا نفقہ اور خرچ بہتر طریقہ سے اندازے کے ساتھ مقرر کیا جائیگا، اور اس میں خاوند کی حالت کا خیال رکھا جائیگا

کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

خوشحال شخص اپنی وسعت سے خرچ کرے، اور جو تنگ دست ہو وہ اس میں خرچ کرے جو اللہ نے اسے دیا ہے، اور اللہ تعالی ہر جان کو اتنا ہی مکلف کرتا ہے جتنا اسے دیا ہے، عنقریب اللہ تعالی تنگی کے بعد آسانی پیدا کر دیگا الطلاق ( 7 ).

اور ایک علاقے اور ملک اور شخص کے اعتبار سے مختلف ہوگا

چنانچہ اگر خاوند مالدار ہے تو نفقہ اس کی مالداری اور حیثیت کے مطابق ہوگا، یا پھر خاوند فقیر و تنگ دست ہو یا متوسط الحال تو بھی اس کی حیثیت کے مطابق نفقہ ہوگا، اور اگر والدین ایک معین مقدار پر متفق ہو جائیں چاہے قلیل ہو یا کثیر تو یہ انہیں حق حاصل ہے، لیکن تنازع اور جھگڑے کے وقت وہی ہوگا جو قاضی فیصلہ کریگا

حاصل یہ ہوا کہ: آپ پر بیوی اور اس کے حمل کا نفقہ وضع حمل تک لازم ہے، پھر اس کے بعد بچے کا نفقہ جس میں اس کی رہائش شامل ہے لازم ہوگا، اور رضاعت اور پرورش کا خرچ بھی آپ مطلقہ کو ادا کریں گے اگر وہ مطالبہ کرتی ہے

آپ کو چاہیے کہ آپ نفقہ کی تحدید پر اتفاق کر لیں اور اسے مقرر کر لیں جس سے بچہ اور اس کی پرورش کرنے والی ماں اچھی زندگی بسر کریں

ہم آپ کو یہ نصیحت کرتے ہیں کہ آپ یہ قدم اٹھانے سے قبل ذرا غور کریں، آپ کے سوال سے ہمیں تو یہی ظاہر ہوا ہے کہ آپ جلد باز نہیں ہیں، اس لیے آپ اپنے معاملات کو غور سے دیکھیں، اگر تو اصلاح کی فرصت اور موقع ہے تو آپ کے لیے بھی اور آپ کے ہونے والے بچے کے لیے بھی زیادہ بہتر یہی ہے

پھر یہ چیز آپ کو دوسری عورت سے شادی کرنے سے منع نہیں کرتا جیسا کہ آپ کا عزم ہے، اور دونوں کو جمع کر سکتے ہیں

واللہ اعلم.

الاسلام سوال و جواب

**146851**